# 23-06-2024 SUNDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔سی بی آئی نے نیٹ یو جی امتحان میں پرچہ افشاء ہونے کے معاملہ میں ایف آئی آر درج کی ہے۔

۲۔ 18 ویں لوک سبھا کا پہلا اجلاس کل سے شروع ہوگا۔اِس سیشن کے دوران نئے ارکان حلف لیں گے۔

۳۔ ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے حضورآباد کے بی آر ایس رکن اسمبلی کوشک ریڈی اور 6 دوسروں کے خلاف لیگل نوٹس جاری کی ہے، جنہوں نے ان پر این ٹی پی سی راما گنڈم میں 100 کروڑ روپے فلائی ایش اسکام کا الزام لگایا ہے۔

اور

۴۔ سی پی آئی ایم کے ریاستی یونٹ نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ آشا ورکرس کے لئے امتحان رکھنے کا منصوبہ واپس لے لیں۔

☆☆☆

پدم شری ایوارڈ یافتہ روایتی آدی واسی ٹولی فنکار ساکینی راما چندریہ کا آج انتقال ہوگیا۔ضعیفی سے متعلق بیماریوں کی وجہ سے آج صبح بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے منگور منڈل کے پوناورم میں گھر پر ان کا انتقال ہوا۔آدی واسی فنون کی حفاظت میں ان کی خدمات کو تسلیم کرتے ہوئے 2022ء میں مرکزی حکومت نے انہیں پدم شری ایوارڈ عطاء کیا تھا۔راما چندریہ واحد کو یہ فنکار تھے، جو سمکا سارالما کی کہانی سنا سکتے تھے۔پچھلے کئی دہوں سے انہیں میڈارم جاترا میں سرکاری طور پر دعوت دی جاتی تھی۔ انہوں نے ایک ذمہ داری کی حیثیت سے یہ روایتی فن ورثہ میں اپنے خاندان کو منتقل کیا۔بارہ سال کی عمر میں ان میں بھولی کا شوق پیدا ہوا تھا۔انہوں نے تلگو اور کو یہ زبانوں میں داستان گوئی مہارت حاصل کی تھی۔انہوں نے تلنگانہ، آندھرا پردیش، اڈیشہ اور چھتیس گڑھ ہزاروں بار اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔

☆☆☆

مرکزی وزیر داخلہ اور وزیر امدادِ باہمی امیت شاہ ملک میں سیلاب سے نمٹنے کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے لئے نئی دہلی اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کی صدارت کرر ہے ہیں۔مرکزی وزیر جل شکتی سی آر پاٹل، مملکتی وزیر داخلہ نتیا نند رائے ،حکومت کی مختلف وزارتوں اور محکموں کے سکریٹریز اس اجلاس میں شرکت کرر ہے ہیں۔

☆☆☆

کھیلوں اور نوجوانوں کے وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویا نے یوم عالمی اولمپکس کے موقع پر مبارکباد دی۔سوشیل میڈیا پر اپنے ایک پوسٹ میں انہوں نے تمام لوگوں سے کہا کہ وہ امن اور اتحاد کو بڑھاوا دینے میں کھیلوں کی طاقت کی تسلیم کریں۔ڈاکٹر منڈاویا نے کھیلوں کے شعبوں میں کامیابیوں اور جوش وجذبہ کے لئے تمام کھلاڑیوں کی تعریف کی۔وزیر نے اتھلیٹس سے نیک خواہشات کا اظہار کیا، جو پیرس اولمپکس 2024ء کے لئے تیاریاں کرر ہے ہیں۔

☆☆☆

گریٹر حیدر آباد میں چندانگر پولیس اسٹیشن حدود اور میاں پور میں ایک ہفتہ کے لئے امتناعی احکامات لگادئے گئے ہیں۔ جہاں غیر مجاز داخلہ کے ایک واقعہ میں سینکڑوں لوگوں نے سرکاری زمین پر قبضہ کرنے کی کوشش کی۔سائبر آباد پولیس کمشنر اویناش موہنتی نے ضابطہ فوجداری کی دفعہ 144 کے تحت امتناعی احکامات لاگو کئے۔ یہ احکامات 29 جون تک لاگو رہیں گے۔ پولیس کمشنر نے کہا کہ امن وامان کی موجودہ صورتحال اور انسانی جان کو لاحق خطرہ اور عوامی ہم آہنگی میں خلل کو روکنے کے لئے امتناعی احکامات لاگو کئے گئے ہیں۔

☆☆☆

سی بی آئی نے نیٹ یو جی امتحان کا پرچہ لیک ہونے کے معاملہ کے سلسلہ میں ایف آئی آر درج کی ہے۔سی بی آئی کے ذرائع نے بتایا کہ وزارتِ تعلیم کی شکایت پرایف آئی آر درج کی گئی ہے۔سی بی آئی سازش کو بے نقاب کرنے اور مکمل تحقیقات کے لئے ملک بھر میں درج کیسوں کواپنے ہاتھ میں لینے کے قدم اٹھارہی ہے۔ وزارتِ تعلیم نے کل نیٹ یو جی امتحان 2024ء میں دھاندلیوں کے معاملہ کی مکمل تحقیقات کی ذمہ داری سی بی آئی کو دی تھی۔نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی نے پچھلے مہینہ کی 5 پانچ تاریخ کونیٹ یو جی سی امتحان رکھا تھا۔پورے ملک میں بے قاعدگیوں، دھوکہ دہی،تلبیس شخصی اور دھاندلیوں کے کئی معاملات سامنے آئے ہیں۔اس دوران نیٹ یو جی امتحان میں شرکت کرنے والے ایک ہزار 563امیدواروں کے لئے آج دوبارہ امتحان ہوا، جنہیں رعایتی نشانات دئے گئے۔نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی نے کہا کہ نیٹ کی اعلیٰ اختیاراتی کمیٹی کی رپورٹ پر سپریم کورٹ کے تبصرہ کی روشنی میں دوبارہ امتحان رکھا گیا۔کمیٹی نے عدالت کو بتایا تھا کہ ایک ہزار 563 طالب علموں کو دئے گئے رعایتی نشانات واپس لے لئے گئے ہیں۔

☆☆☆

سی پی آئی ایم کی ریاستی یونٹ نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ مسلمہ سوشیل ہیلتھ کارکنوں یا آشاورکرس کے لئے امتحان رکھنے کے منصوبہ کوواپس لے لیں۔ سی پی آئی ایم کے ریاستی سکریٹری تمی نینی ویرابھدرم نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کوایک کھلا خط لکھتے ہوئے کہا کہ عہدیداروں نے بتایا ہے کہ آشاورکرس کی صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے مقصد سے امتحان رکھا جارہا ہے اوراس کا مقصد انہیں نوکریوں سے نکالنا نہیں ہے،لیکن ریاستی حکومت کے ان منصوبوں سے 28 ہزارآشاورکرس میں بےچینی اورنوکری جانے کا احساس پیدا ہورہا ہے۔انہوں نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ ماضی کی طرح تربیتی پروگرامس رکھیں۔

☆☆☆

انسپکٹر جنرل آف پولیس ملٹی زون ون اے وی رگناتھ نے پانچ انسپکٹرس آف پولیس کے خلاف تادیبی کارروائی شروع کی ہے۔بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے ستوپلی رورل سی آئی این وینکٹیشم ملگ ضلع اسپیشل برانچ کے سرکل انسپکٹرسی ایچ سری دھراورمیدک ٹاؤن اینڈ رورل کے سرکل انسپکٹرایس دلیپ کماراور بی کیشولواوربھوپالاپلی ضلع میں مہادیوپور کے سرکل انسپکٹربی راجیشور راؤ وہ پولیس عہدیدار ہیں جن کے خلاف کارروائی کی گئی ہے۔

☆☆☆

18ویں لوک سبھا کا پہلا سیشن کل سے شروع ہوگا۔ اس سیشن کے دوران نئے ارکان حلف لیں گے۔مرکز میں نئی حکومت بننے کے بعد یہ پہلا سیشن ہے۔ سینئر بی جے پی رکن پارلیمنٹ بھرتروہاری مہتا جنہیں عبوری اسپیکر کی حیثیت سے مقرر کیا گیا۔نئے لوک سبھاارکان پارلیمنٹ کوحلف دلائیں گے۔ نئے لوک سبھا اسپیکر کا چناؤ 26 تاریخ کو ہوگا۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 27 جون کولوک سبھا اور راجیہ سبھا کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کریں گے۔راجیہ سبھا کا سیشن اس مہینہ کی 27 تاریخ کوشروع ہوگا۔پارلیمنٹ سیشن اگلے مہینہ کی 3 تاریخ کوختم ہوگا۔

☆☆☆

ریاستی وزیرٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے حضورآباد کے بی آرایس رکن اسمبلی کوشک ریڈی سمیت سات لوگوں کوقانونی نوٹس جاری کی ہے،جنہوں نے ان پر راما گنڈم کے نیشنل تھرمل پاورکارپوریشن میں 100 کروڑروپے اسکام کا الزام لگایا ہے۔کوشک ریڈی،ایک نیوزچینل کے منیجنگ ڈائرکٹرسنتوش کمار،ایک مقامی تلگوروزنامہ کے ایڈیٹرتیگولا، کرشنا مورتی اورایک براسکاسٹنگ پرائیوٹ لمیٹڈ کوہتک عزت کی نوٹس جاری کی گئی ہے۔حضورآباد کے رکن اسمبلی نے الزام لگایا ہے کہ پونم پربھاکر نے روزآنہ این ٹی پی سی راما گنڈم سے کوئلہ کی باقیات غیرقانونی طور پرمنتقل کرنے کے لئے 50لاکھ روپے رشوت حاصل کی۔ انہوں نے ان الزامات پر پربھاکر کو بحث کے لئے چیالنج کیا۔

☆☆☆

تلنگانہ سے تعلق رکھنے والے حاجیوں کا پہلا جھتہ مقدس سفر پورا کرنے کے بعد آج سعودی عرب سے واپس لوٹا۔ ریاستی حج کمیٹی کے ایک وفد نے ان کا استقبال کیا۔ حیدرآباد سے اس سال جملہ 7 ہزار 900 لوگ مقدس سفر کے لئے سعودی عرب روانہ ہوئے۔ پڑوسی ریاستوں مہاراشٹرا، کرناٹک اور آندھراپردیش سے بھی عازمین حج حیدرآباد سے روانہ ہوئے تھے۔ مکہ میں شدید گرمی کے درمیان اس سال کم سے کم 98 ہندوستانیوں کی موت ہوئی، جن کا تعلق تلنگانہ سے ہے۔

☆☆☆

حیدرآباد پولیس نے تجارتی اداروں کے انتظامیہ کو ہدایت دی ہے کہ وہ رات ساڑھے دس سے گیارہ بجے کے درمیان اپنا کاروبار بند کردیں۔ پولیس نے پرتشدد جرائم کے حالیہ واقعات کی روشنی میں ریاست میں نظم وقانون کی صورتحال پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کے جائزہ اجلاس کے بعد یہ ہدایت جاری کی۔ پولیس نے خبردار کیا ہے کہ عوامی مقامات پر شراب پینے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ پولیس نے شہریوں سے کہا کہ اگر ان کا سامنا کسی مجرمانہ سرگرمی سے ہوتو وہ 100 نمبر پر پولیس سے رابطہ کریں۔

☆☆☆

صدر مجلس اتحادالمسلمین اسدالدین اویسی نیٹ امتحان برخواست کرنے ،نیٹ یوجی امتحان کا پرچہ لیک ہونے اورنیٹ پی جی امتحان منسوخ کرنے پر شدید ردِعمل ظاہر کیا ہے۔ اویسی نے ایکس پر لکھتے ہوئے مطالبہ کیا کہ وزیراعظم نریندر مودی اور کابینی وزرا طالب علموں سے کسی شرط کے بغیر معافی مانگیں۔

☆☆☆

انڈین اسپیس ریسرچ آرگنائزیشن اسرو نے کہا ہے کہ اس کی دوبارہ استعمال کرنے کے لائق خلائی گاڑی پشپک کا تیسرا اورآخری تجربہ کامیابی کے ساتھ کیا گیا۔ آج صبح کرناٹک کے چترا درگ میں ایروناٹیکل ٹیسٹ رینج پر لینڈنگ کا تجربہ کیا گیا۔ اسرو نے سوشیل میڈیا سائٹ ایکس پر لکھا کہ RLV LEX-03 نے ایک مرتبہ پھر انتہائی مشکل حالات میں اپنے طور پر لینڈنگ کا مظاہرہ کیا ہے۔